Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

اقوامِ متحدہ کے وفد کی موجودگی میں پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی دفتر پر اسلام آباد پولیس کے چھاپے کا معاملہ

پاکستان تحریک انصاف کی سرچ آپریشن کی آڑ میں اسلام آباد پولیس کے پارٹی دفتر پر غیر قانونی چھاپے کی شدید مذمت

اقوام متحدہ کے وفد کی موجودگی میں پارٹی کے مرکزی دفتر پر پولیس کا دھاوا اور وفد کے اراکین کو ہراساں کرنا نہایت شرمناک اور قابلِ مذمت ہے، پولیس کی بھاری نفری کا بغیر وارنٹ دفتر پر چھاپہ تحریک انصاف کو ہراساں کرنے اور نشانہ انتقام بنانے کے سلسلے کی ایک کڑی ہے، ترجمان تحریک انصاف

اسلام آباد پولیس کے اس دھاوے کی صورت اقوام متحدہ سمیت پوری دنیا کو یہ پیغام دیا گیا ہے کہ پاکستان میں آئین اور قانون کی کوئی وقعت نہیں، آج پوری دنیا یہ جان چکی ہے کہ پاکستانی عوام کی عزت اور چادر اور چاردیواری کا تقدس ان کے اپنے ہی محافظوں کے ہاتھوں خطرے میں ہے، ترجمان تحریک انصاف

ملک پر قابض غیر منتخب قوتیں اپنے مضحکہ خیز اقدامات سے مسلسل پاکستان کی جگ ہنسائی کا باعث بن رہی ہیں،

اقوام متحدہ کے مندوبین تحریک انصاف کے مرکزی دفتر میں انتخابات میں ہونے والی صریح دھاندلی پر جائزے کے حوالے سے ملاقات کیلئے موجود تھے، پولیس کی اس غنڈہ گردی کا مقصد عام انتخابات میں مینڈیٹ پر ڈالے گئے ڈاکے کے حقائق کو منظرِ عام پر آنے سے روکنا اور قومی مجرمان کو بچانا ہے، ترجمان تحریک انصاف

جعلی فارم 47 پر حکومت میں آنے والے مینڈیٹ چور اپنا ناجائز اقتدار برقرار رکھنے کیلئے عام انتخابات میں دھاندلی کو بے نقاب کرتی بین الاقوامی اداروں کی تمام رپورٹس کو دبا کر بیٹھے ہیں، ترجمان تحریک انصاف

پاکستان تحریک انصاف اس قسم کے شرمناک ہتھکنڈوں سے خوفزدہ ہوگی اور نہ ہی چوری شدہ مینڈیٹ کی واپسی کے مطالبے سے دستبردار ہوگی، پارٹی کے مرکزی دفتر پر چھاپے کے ذمہ دار وزیراعظم شہباز شریف اور وزیر داخلہ محسن نقوی سے فوراً جواب طلب کیا جائے، ترجمان تحریک انصاف

پاکستان تحریک انصاف پولیس کے اس شرمناک حملے کو پارلیمان سمیت تمام فورمز پر بھرپور طریقے سے اجاگر کرے گی، ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ